فوری ریلیز کے لیے: 2023/30/6 **گورنر *KATHY HOCHUL***

طلباء کے قرضوں سے متعلق صدر بائیڈن کے منصوبے کو کالعدم قرار دینے کے سپریم کورٹ کے فیصلے پر گورنر HOCHUL کا بیان

"طالب علموں کے قرضوں نے طباء کی ان نسلوں کو سخت پریشان کیا ہوا ہے جنہوں نے کالج کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے سخت محنت کی۔ سپریم کورٹ کے اس فیصلے نے پورے امریکہ کے طالب علموں اور گریجویٹس کے کاندھوں پر یہ بوجھ واپس ڈال دیا ہے، خاص طور پر رنگدار جلد والے افراد اور خواتین پر جو طالب علموں کے قرضوں کا بہت بڑا بوجھ غیر متناسب طور پر برداشت کرتے ہیں۔ نیو یارک کے SUNY اور CUNY سسٹمز میں تقریباً 60 فیصد کُل وقتی رہائشی انڈر گریجویٹ طلباء اسکول ٹیوشن مفت میں لیتے ہیں اور ہم اعلی تعلیم کو زیادہ جامع، قابل رسائی اور سب کے لئے سستی بنانے کے لئے اپنی ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے۔"

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں